سوال

(157) ختم دینا جائز ہے کہ نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

گیارھویں کے علاوہ کسی دوسرے دن قرآن پڑھ کر ختم دینا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید پڑھ کر ختم دینا ایک مخصوص اصطلاح ہے جس کا ثبوت صالحین سے نہیں ملتا، پیٹ کا دھندہ چلانے کےلئے اس قسم کی باتوں کوایجاد کیا گیا ہے، گیارہویں کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ اسی طرح دوسرے ایام بھی ختم دینے کا کوئی جواز نہیں، قرآن پاک پڑھنا حرام نہیں، بلکہ اسے خلاف سنت استعمال کرنا حرام ہے، لہٰذا اس قسم کی محفل میں شریک ہونا یا کھانا استعمال کرنا شرعاً درست نہیں ہے۔ [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:191